# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 17 July-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: 17/جولائی ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** **** *****

:::::: سرخیاں ::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ پنڈھر پور میں اشاڑی ایکادشی کا میلہ۔ کسانوں کی فلاح و بہبود کیلئے وزیر اعلیٰ کے دعائیہ کلمات۔

☆ آج یوم عاشورہ‘ ملک بھر میں تعزیہ جلوسوں اور مجالس عزا کا اہتمام۔

☆ پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کے پیش نظر اتوار کو کل جماعتی اجلاس۔

☆ ونچت بہوجن اگھاڑی کی جانب سے 25 جولائی سے تحفظ ریزرویشن یاترا۔

اور۔۔۔☆ ٹینس کھلاڑی سومیت ناگل کی سویڈش اوپن میں پیش رفت۔ ATP رینکنگ میں حاصل کیا 68/واں مقام۔

***** **** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے کہا ہے کہ انہوں نے کسانوں، وارکریوں اور محنت کشوں سمیت ریاست کے تمام طبقات کی خوشحالی کے وٹھل کے درشن کے دوران دعائیہ کلمات ادا کئے۔ اشاڑھی ایکادشی کے سلسلے میں پنڈھر پور میں آج وزیر اعلیٰ وٹھل کی سرکاری مہا پوجا کے بعد زائرین سے مخاطب تھے۔ انہوں نے بتایا کہ کسانوں کے مسائل دور کرنے، بہترین بارش، بھرپور فصلوں اور کسانوں کی زندگیوں میں خوشی کے سنہری دن آنے کے لئے انہوں نے وٹھل سے پرارتھنا کی۔

اس موقع پر اشاڑھی یاترا کے دوران زائرین کی سہولت کیلئے کئے گئے انتظامات کی تفصیلات وزیر اعلیٰ نے پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ وی آئی پی شخصیات کی بجائے عام زائرین کو درشن کیلئے ترجیح ملنا چاہئے۔ یہی میری کوشش ہے۔ نیز پنڈھر پور کے مندر کا ترقیاتی منصوبہ مقامی افراد کو اعتماد میں لیکر تیار کیا جا رہا ہے۔

اعلیٰ اور تکنیکی تعلیم وشولا پور ضلع کے رابطہ وزیر چندر پاٹل، وزیر محصول رادھا کرشن وکھے پاٹل، دیہی ترقیات کے وزیر گریش مہاجن، وزیر صحت ڈاکٹر تاناجی ساونت اور اسکولی تعلیم کے وزیر دیپک کیسر کر بھی اس موقع پر موجود تھے۔

***** **** *****

پنڈھر پور میں آج 34، پلیٹ فارم پر چندر بھاگا یاترا بس اسٹینڈ کا افتتاح وزیر اعلیٰ کے ہاتھوں ہو رہا ہے۔ یہ ایس ٹی محکمے کا ریاست کا پہلا بڑا پروجیکٹ ہے۔ یہ بس اسٹینڈ گیارہ ہیکٹر رقبے پر 33 کروڑ روپئے کے صرفے سے تعمیر کیا گیا ہے۔

***** **** *****

ریاست بھر میں اشاڑھی ایکادشی جوش وخروش سے منائی جارہی ہے۔چھترپتی سمبھاجی نگر میں والوج کے قریب پنڈھرپور میں بھی وِٹھل رکمنی کے درشن کیلئے زائرین بڑی تعداد میں جمع ہورہے ہیں اور گردونواح کے دیہاتوں سے عقیدتمند دنڈیوں کی شکل میں پنڈھرپور پہنچ رہے ہیں۔

***** ***** *****

ملک بھر میں یوم عاشورہ آج نہایت احترام وعقیدت کے ساتھ منایا جارہا ہے۔مذہب اسلام میں 10 /محرم نہایت اہمیت کا حامل ہے۔اسی دن یعنی یوم عاشورہ کو ہی رسالت مآب محمدﷺ کے نواسے حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہہ اوران کے رفقاء نے کربلا کے مقام پر حق وانصاف کے لئے جام شہادت نوش کیا تھا۔ان شہداء کی یاد میں ملک بھر میں مجالس عزا اور ماتم جلوسوں کا اہتمام بھی کیا جاتا ہے۔اس کے علاوہ ملک کے بیشتر مقامات پر تعزیہ کے جلوس بھی نکالے جاتے ہیں۔یوم عاشورہ کے پیش نظر حفاظتی انتظامات سخت کردیئے گئے ہیں۔

***** ***** *****

وزیراعظم فصل بیمہ اسکیم کے تحت ایک روپئے میں فصل بیمہ بھرنے کی مدت میں 31 /جولائی تک توسیع کردی گئی ہے۔اس اسکیم کی مدت 15 جولائی کو ختم ہوچکی تھی۔تاہم ریاست کے بیشتر کسانوں کی جانب سے ہنوز درخواست دہی نہ ہونے کے سبب وزیرزراعت دھننجے مونڈھے کی جانب سے مرکزی حکومت سے مطالبہ کیا گیا تھا کہ اسکیم کی درخواست دہی کی قطعی تاریخ میں توسیع کی جائے۔

***** ***** *****

نائب وزیرعلیٰ اجیت پوار نے حکم دیا ہے کہ ناندیڑ ضلع میں جل جیون مشن کے تحت جاری آبرسانی منصوبوں کے کام تیز کئے جائیں اور موجودہ صورتحال کی رپورٹ فی الفور پیش کی جائے۔بھوکر کے جل جیون مشن اورواٹر گریڈ پروجیکٹ کے کاموں کا جائزہ لینے کے بعد ایک اجلاس سے وہ خطاب کررہے تھے۔انہوں نے کہا کہ ان منصوبوں پر کام معینہ وقت پر مکمل کرنا لازمی ہے۔

***** ***** *****

راشٹروادی کانگریس پارٹی کے نام اورانتخابی نشان سے متعلق شرد پوار گروپ کی عرضداری پر عدالت عظمیٰ میں آئندہ 6 /اگست کو سماعت ہوگی۔کل ہوئی سماعت میں اجیت پوار گروپ کواندرون 2 ہفتے جواب جمع کروانے اورشرد پوار گروپ کو جواب الجواب کیلئے مزید ایک ہفتے کا وقت عدالت نے دیا ہے۔

***** ***** *****

متنازعہ انتظامی افسر پوجا کھیڈکر ضلعی تربیت معطل کردی گئی ہے۔مسوری کی لال بہادر شاستری ایڈمنسٹریٹیو اکیڈمی نے کھیڈکر کو ایک مکتوب کے ذریعے اس بات سے آگاہ کیا۔اورانہیں مہاراشٹر ریاستی حکومت کے اس پروگرام سے برخاست کرکے واپس بلالیا گیا ہے۔کسی بھی صورت میں انہیں 23 جولائی سے قبل اکیڈمی میں حاضر رہنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

پارلیمنٹ کا مانسون اجلاس آئندہ 22 جولائی سے 12 اگست کے دوران ہوگا۔ اس اجلاس کے پیش نظر حکومت نے 21 جولائی کو کل جماعتی اجلاس طلب کیا ہے۔ 23 جولائی کو مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتارمن رواں مالی سال کا عام بجٹ پارلیمنٹ میں پیش کریں گی۔

***** ***** *****

راشٹروادی کانگریس پارٹی کے ترجمان اُمیش پاٹل نے مطالبہ کیا ہے کہ حزب اختلاف کے پاس اگر مراٹھا سماج کو او بی سی میں سے ریزرویشن دینے کا کوئی قانونی راستہ موجود ہے تو اس کی وضاحت کرے۔ کل ممبئی میں منعقدہ ایک اخباری کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس موضوع پر حکومت کے طلب کردہ کل جماعتی اجلاس میں اگر حزب اختلاف کے قائدین شرکت کرتے تو ان کا موقف واضح ہو جاتا۔

***** ***** *****

ونچت بہوجن آگھاڑی کی جانب سے آئندہ 25 جولائی سے ریزرویشن بچاؤ یاترا نکالی جائیگی۔ ماہر قانون پرکاش امبیڈکر نے کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں ایک اطلاعی کانفرنس میں یہ اطلاع دی۔ انہوں نے بتایا کہ ممبئی میں چیتیہ بھومی سے اس یاترا کا آغاز ہوگا۔ ودربھ اور مراٹھواڑہ کے مختلف اضلاع سے ہوتے ہوئے یہ یاترا 8/ اگست کو چھترپتی سمبھاجی نگر میں اختتام پذیر ہوگی۔ پرکاش امبیڈکر نے بتایا کہ او بی سی ریزرویشن کا تحفظ، ایس سی، ایس ٹی اسکالرشپ میں اضافہ، او بی سی زمرے کو بھی ایس سی، ایس ٹی کے متناسب اسکالرشپ اور دیگر مطالبات کی اس یاترا کے دوران تشہیر کی جائیگی۔

***** ***** *****

ممبئی۔ پونا ایکسپریس وے پر کل ہوئے حادثے میں ہلاک ہونے والے افراد کے اہل خانہ کو 5,5 لاکھ روپئے کی امداد دینے کا اعلان وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے کیا ہے۔ کٹرمبولی کے ایم جی ایم اسپتال میں زخمیوں کی عیادت کے بعد وزیر اعلیٰ نے زخمیوں کے علاج کے اخراجات حکومت کی جانب سے ادا کئے جانے کا بھی اعلان کیا۔ اشاڑھی ایکادشی کے سلسلے میں یہ بس ڈومبولی سے پنڈھرپور جا رہی تھی کہ لوناوالا سے قریب کل صبح پیش آئے جس میں حادثہ میں 5 یاتریوں کی موت واقع ہوگئی تھی۔

***** ***** *****

ٹینس اسٹار سومیت ناگل نے سویڈیش اوپن مردوں کے سنگلز مقابلوں میں سویڈن کے الس یے میر کو 4-6 ,3-6 سے راست سیٹوں میں شکست دیدی۔ اس فتح کے بعد سومیت ATP رینکنگ میں اب تک کی بہترین 68 ویں پوزیشن پر پہنچ گئے ہیں۔ یہ کارکردگی انجام دینے والے وہ چوتھے ہندوستانی کھلاڑی ہیں۔

***** ***** *****

وزیر ہاؤسنگ اتول ساوے نے کہا ہے کہ کمپیوٹرائزڈ عمل کے باعث مہاڈا کی قرعہ اندازی نہایت شفاف ہوگئی ہے۔ کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں مہاڈا کی پردھان منتری آواس یوجنا اور مہاڈا ہاؤزنگ اسکیم کے تحت کمپیوٹرائزڈ قرعہ اندازی کی گئی۔ اس موقع پر منعقدہ پروگرام میں وزیر موصوف نے کہا کہ اندرون 2 ماہ ایک اور قرعہ اندازی کی جائیگی۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر کی چکل تھانہ طیرانگاہ کی توسیع کا کام بروقت مکمل کرنے کیلئے اراضی حاصل کرنے کا کام منصوبہ بند طریقے سے کرنے کی ہدایت ضلع کلکٹر دلیپ سوامی نے دی ہے۔اس خصوص میں کل منعقدہ جائزہ اجلاس میں وہ خطاب کررہے تھے۔انہوں نے کہا کہ مجوزہ ایکوائر کئے جانے والے رقبے میں آنے والے سڑکو کے مکانات اور دیگر املاک سے متعلق سرکاری قوانین کے مطابق کاروائی کی جائے۔اور زمین کے حصول کیلئے سرکاری فیصلے کے مطابق فنڈز جاری کئے جائیں۔

***** **** *****

::::::سرخیاں::::::

آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:

☆ پنڈھرپور میں اشاڑی ایکادشی کا میلہ۔کسانوں کی فلاح و بہبود کیلئے وَزیراعلیٰ کے دعائیہ کلمات۔

☆ آج یوم عاشورہ؛ ملک بھر میں تعزیہ جلوسوں اور مجالس عزا کا اہتمام۔

☆ پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کے پیش نظر اتوار کو کل جماعتی اجلاس۔

☆ ونچت بہوجن اگھاڑی کی جانب سے 25 جولائی سے تحفظ ریزرویشن یاترا۔

اور۔۔۔☆ ٹینس کھلاڑی سومیت ناگل کی سویڈش اوپن میں پیش رفت۔ATP رینکنگ میں حاصل کیا68/واں مقام۔

***** **** *****

اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔

***** **** *****